© rasailojaraid.com



# تعارف و تبصرۂ کتب

اسلامی دستور کے بنیادی اور رہنما اصول

تالیف : مفتی عزیز الرحمٰن

ناشر : مکتبہ رحمانیہ - ۱۸ - اردو بازار - لاہور

صفحات ۳۸۰ قیمت ۲۷ روپیے

حضرت شاہ ولی اللہؒ نے اپنی بے نظیر تالیف "حجۃ اللہ البالغہ" میں لکھا ہے کہ تمام شریعتوں کی بنیاد شعائر الٰہی کی تنظیم پر ہے اور اسلام کے چار بڑے شعار قرآن مجید - کعبۃ اللہ - نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اور نماز ہیں -

جناب مفتی عزیز الرحمٰن صاحب نے ان چار شعائر کی تفصیل و تشریح زیر نظر کتاب میں کی ہے - انہوں نے علیحدہ علیحدہ ان چار چیزوں کی عظمت دکھائی ہے اور اس کے بعد بتایا ہے کہ ان چار چیزوں پر اسلامی شریعت کس طرح ہے اور شریعت کے ہر حکم سے ان کا کیا ربط و تعلق ہے -

قرآن مجید پر لکھتے ہوئے جہاں انہوں نے اس کی تدوین و ترتیب پر روشنی ڈالی ہے اور جدید مغرب زدہ اہل قلم کی غلط فہمیاں دور کی ہیں وہیں اسلام کے نظام حکومت اور حرمت سود پر بحث کی ہے -

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس کے سلسلے میں "سنت" پر تفصیلی گفتگو کی ہے اور اسلام کے قانون جرم و سزا پر مختصراً روشنی ڈالی ہے - خانۂ کعبہ اور نماز پر لکھتے ہوئے نماز کی اجتماعیت سے مؤلف کا ذہن "اجماع" کی طرف منتقل ہوا - اور بات بڑھتے بڑھتے قیاس پر پہنچی - اس ضمن میں بہت سے اہم فقہی معاملات زیر بحث آئے ہیں -

جناب مؤلف نے اس تالیف میں احکام و فرائض سے متعلق اپنے فتاویٰ کا خاصا حصہ یکجا کر دیا ہے - اگرچہ براہ راست ان کا موضوع سے تعلق نہیں بنتا - بات سے بات نکلتی گئی اور قیمتی معلومات بکھرتی چلی گئی ہیں -

پہلی نظر میں کتاب کے عنوان سے غلط فہمی پیدا ہوتی ہے کہ اس میں اسلام کے نظام مملکت (دستور) کے بارے میں بنیادی اور رہنما اصول بیان کئے گئے ہوں گے - مگر کتاب کا موضوع اسلام کے دستور زندگی کو محیط ہے -

مکتبہ رحمانیہ نے اس کتاب کے اولین مطبوعہ ایڈیشن کا عکس لیا ہے اور خوبصورت نیز مضبوط جلد کے ساتھ اہل نظر کے سامنے پیش کیا ہے -

(اختر راہی)



© rasailojaraid.com